# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 16 August 2026**

**Time : 09:25 / AM**

### Opening

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

پی ایم مودی

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت توانائی کی اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے انتھک کام کر رہا ہے اور ملک اس منزل پر کھڑا ہے جہاں وہ اپنے سارے وسائل کا بھرپور استعمال کرنے سے گریز نہیں کرے گا۔ یوم آزادی کے موقعے پر کل نئی دلی کے لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ توانائی کی یقینی فراہمی موجودہ دور کی بڑی ضروریات میں سے ایک ہے اور سرکار نے اس سلسلے میں کئی اہم اقدام کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی توانائی ملک کی توانائی کی یقینی فراہمی کا ایک اہم وسیلہ ہے۔

__________(مودی)____

وزیراعظم کہا کہ گزستہ 12 سال ک دوران ملک کے کروڑوں شہریوں نے اپنے پختہ عزم اور لگن کے ذریعے ملک کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لئے بھرپور کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ ان کوششوں کی بدولت 25 کروڑ لوگ غربت سے باہر آ گئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت نے اگلے پانچ سے سات سال میں ملک وہ سب کچھ حاصل کر لے گا جو گزشتہ پانچ سے سات دہائیوں میں بھی حاصل نہیں کیا جا سکا۔

پی ایم شکریہ

وزیراعظم نریندر مودی نے یوم آزادی کے موقعے پر بھارت کو مبارکباد دینے والے عالمی رہنماوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ان میں فرانس، سلواکیہ، اسرائیل اور مالدیپ کے صدور شامل ہیں۔ نیپال کے وزیراعظم کے تہنیتی پیغام کے

جواب میں وزیراعظم مودی نے دونوں ملکوں کے دیرینہ تہذیبی تعلقات کا مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔انہوں نے یوم آزادی کی مبارکباد کیلئے بھوٹان کے وزیراعظم کا بھی شکریہ ادا کیا۔

واجپائی

قوم آج سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کو ان کی برسی پر خراج پیش کر رہی ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں ان کی یادگار سدیو اٹل پر انہیں گلہائے عقیدت پیش کئے۔اس موقعہ پر لوک سبھا سپیکر اوم برلا، وزیر داخلہ امت شاہ سمیت متعدد مرکزی وزرا اور اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں دائمی امن کے قیام اور ترقی و خوشحالی کو یقینی بنانے کیلئے ہر کسی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ایل جی نے یوم آزادی کے موقعے پر کل لوک بھون سرینگر میں ایک پُر وقار تقریب کے دوران ان خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے ملک کی آزادی کی جدو جہد میں اپنی جانیں نچھاور کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب میں لوک بھون میں تعینات سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور دیگر عملے نے بھی شرکت کی۔

ایٹ ہوم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل شام شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر سرینگر میں یوم آزادی کے موقعے پر 'ایٹ ہوم' استقبالیہ دیا۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ، اسمبلی سپیکر عبدالرحیم راتھر، وزرا، ارکان پارلیمان و اسمبلی، اعلیٰ سول و پولیس افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت متعدد شخصیات دعوت میں شریک ہوئے۔وزیر اعلیٰ نے مہمانوں سے ملاقات کی اور انہیں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔

جاوید رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ کے قاضی مُہرا اور جھلاس علاقوں میں عوام سے ملاقات کرکے علاقے میں آئے حالیہ سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے کے بعد پیدا شدہ مسائل کا جائزہ لیا۔قاضی مہرا میں لوگوں نے سیلاب سے سڑکوں ،آبی نظام اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو پہنچے نقصان کی فوری بھرپائی کا وزیر سے مطالبہ کیا۔

جھلاس میں عوام نے پینے کے پانی کی قلت، آبپاشی نظام کی خرابی اور متاثرہ واٹر سپلائی سکیموں کی بحالی سے متعلق مسائل کو وزیر کی دانست میں لایا۔وزیر نے تمام جائز مسائل کو بروقت حل کرانے کی لوگوں کو یقینی دہانی کرائی۔

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کشمیر وکاس آنند نے اسمبلی ممبر زینہ پورہ شوکت احمد گنائی اور چیف ہارٹیکلچر آفیسر شوپیان کے ہمراہ شوپیان کے ژالہ باری سے متاثرہ مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔انہوں نے ضلع کے کاپرن، پڑسو، کانجی اُلر، پری پورہ، من دھجن اور پندوشن سمیت دیگر علاقوں میں متاثرہ باغات کا معائینہ کیا۔ڈائریکٹر موصوف نے باغ مالکان سے بات چیت کرکے انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں متعلقہ افسران کو فصلوں کے نقصان کا تخمینہ کے حوالے سے رپورٹ جلد تیار کرنے اور باغ مالکان کو فصلوں کے بہتر انتظام کیلئے ضروری رہنمائی فراہم کرنے ہدایت دی۔

اسلحہ

ضلع پونچھ کے بغلیہار علاقے میں سیکورٹی فورسز نے ایک مشتبہ ٹھکانے پر چھاپہ مار کر اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا ہے۔آکاشوانی جموں کے نمائندے کے مطابق فوج کی **16** راشٹریہ رائفلز اور جموں کشمیر پولیس کے سپیشل آپریشنز گروپ نے علاقے میں مشترکہ تلاشی کاروائی انجام دی۔کاروائی کے دوران **6** بارودی سرنگیں، ایک **AK-47** رائفل اور **7** کارتوس برآمد کئے۔فوج نے اس کارروائی کو اہم کامیابی قرار دیا ہے۔

عید میلاد

ماہ ربیع الاول کے آغاز کے ساتھ ہی عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز ہوگیا ہے۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کے دیگر خانقاہوں ، مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاوّل یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** اعشاریہ **1** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **1** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ